PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# انٹر ریجن انڈر 13 اور انڈر 16 ون ڈے ٹورنامنٹس کے فائنل

لاہور، 4 مئی 2023:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے انٹر ریجن انڈر 13۔ اور انٹر ریجن انڈر 16 کرکٹ ٹورنامنٹس کے فائنل کی تفصیلات کا اعلان کر دیا ہے۔

پی سی بی انٹر ریجن انڈر 13 فائنل 5 مئی کو لاہور اور پشاور ریجن کی ٹیموں کے درمیان فیصل آباد کے جواد کلب میں کھیلا جائے گا۔ یہ تیس اوورز کا میچ ہو گا۔

انڈر 16 ٹورنامنٹ کا پچاس اوورز پر مشتمل فائنل 6 مئی کو سعید اجمل کرکٹ اکیڈمی فیصل آباد میں کھیلا جائے گا جس میں لاہور اور فاٹا کی ٹیمیں مدمقابل ہونگی۔

اس سے قبل انٹر ریجن انڈر 13 کے سہ فریقی مقابلوں میں کراچی۔ لاہور اور پشاور کی ٹیمیں ایک دوسرے کے سامنے آئی تھیں یہ مقابلے انتیس اپریل سے تین مئی تک کھیلے گئے تھے۔ کراچی ریجن کی ٹیم کو اپنے دونوں میچوں میں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا جبکہ پشاور اور لاہور کا میچ ٹائی ہو گیا تھا۔

انٹر ریجن انڈر 16 کے سہ فریقی مقابلوں کے مرحلے میں لاہور ریجن کی ٹیم سرفہرست رہی تھی اس نے فاٹا اور کراچی کے خلاف دونوں میچ جیتے تھے جبکہ فاٹا نے کراچی کے خلاف کامیابی حاصل کر کے فائنل میں جگہ بنائی۔

انٹر ریجن انڈر 13 ٹورنامنٹ کا آغاز بارہ مارچ کو کراچی اور فیصل آباد میں ہوا تھا جن میں سولہ ریجنز کی ٹیموں نے حصہ لیا ان میں ایبٹ آباد، آزاد جموں کشمیر، بہاولپور۔ فیصل آباد، فاٹا، حیدرآباد، اسلام آباد، کراچی، لاہور، لاڑکانہ، ملتان، ڈیرہ مراد جمالی، پشاور، کوئٹہ، راولپنڈی اور سیالکوٹ شامل ہیں۔ ان ٹیموں کو تین گروپ میں تقسیم کیا گیا تھا۔

پانچ ٹیموں کے پول اے میں کراچی نے اپنے تمام چاروں میچ جیتے۔ اسی طرح پول بی میں لاہور نے اپنے تمام میچوں میں کامیابی حاصل کی۔ پول سی میں راولپنڈی اور پشاور نے چار چار میچ جیتے تھے تاہم پشاور نے بہتر رن ریٹ پر اپنے پول میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔

انٹر ریجن انڈر 16 ٹورنامنٹ میں جو بارہ مارچ سے شروع ہوا تھا سولہ ٹیمیں شریک رہیں۔ پول میچز فیصل آباد، گوجرانوالہ، اسلام آباد، لاہور، راولپنڈی اور شیخوپورہ میں کھیلے گئے۔ کراچی ریجن نے پول اے میں چار میچ جیت کر پہلی پوزیشن حاصل کی۔ پول بی میں لاہور کی ٹیم آٹھ پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر رہی جبکہ پول سی میں فاٹا کی ٹیم پانچ میچوں میں آٹھ پوائنٹس حاصل کر کے سرفہرست رہی۔

-ENDS-

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk